| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب سوم: سیرتِ طیّبہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلَىٰ اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی حیاتِ طیّبہ (قبل از بعثت) |

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- حلف الفضول جیسے اہم تاریخی واقعہ اور اس کی اہم شِقوں سے واقف ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ سے پچھلے پڑھائے گئے سبق سے متعلق سوالات کریں۔ درست جواب دینے والے بچوں کی حوصلہ افزائی کریں۔ طلبہ کو بتائیں کہ آج ہم پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے حالاتِ زندگی کے بارے میں پڑھیں گے۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۴۰ سے "حلف الفضول" کے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- انھیں بتائیں حلف کے معنی معاہدے یا عہد و پیمان کے ہیں۔
- طلبہ کو معاہدے کا مقصد سمجھائیں۔ یہ معاہدہ دراصل مظلوموں کی حمایت کا معاہدہ ہے۔ دینِ اسلام سے پہلے عرب قبیلوں کے درمیان معمولی باتوں پر لڑائی جھگڑا شروع ہو جاتا تھا۔ حربِ فجار کے بعد عربوں کے حالات بہت خراب ہو گئے۔ اس موقع پر مظلوموں کا کوئی پُرسانِ حال نہ تھا۔ چنانچہ قبیلہ قریش اور بنو قیس کے سرداروں نے مل کر امن کا معاہدہ کیا۔ اس معاہدے میں شامل زیادہ تر لوگوں کے ناموں میں فضل آتا تھا۔ اس لیے اس معاہدے کو "حلف الفضول" کہتے ہیں۔

- کتاب میں دیے گئے متن کا حوالہ دیتے ہوئے حلف الفضول کے نکات تختہ تحریر پر لکھیں۔
    - مظلوم کی مدد کی جائے گی۔
    - آپس میں لڑائی جھگڑا نہیں کیا جائے گا۔
    - مسافروں اور تاجروں کے قافلوں کی حفاظت کی جائے گی۔
- طلبہ کو ترغیب دلائیں کہ سنّتِ نبوی خاتم النبیین صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کی پیروی کریں اور مظلوم کی مدد کریں۔

## مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ: 5منٹ

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| معاہدہ | مُ۔عا۔ہَ۔دَہ | تحریری عہد نامہ، وہ قرار داد جس کی رُو سے ہر فریق کسی کام کے کرنے یا نہ کرنے کا اقرار کرے۔ |
| معمولی بات | مُع۔مُو۔لی۔بات | عام سی بات |
| قبیلہ | قَ۔بی۔لَہ | گروہ |
| حمایت | حِ۔ما۔یَت | مدد |

## اعادہ: 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

## جائزہ: 6منٹ

مشق جزو (۲) کا سوال (۱) کا جواب طلبہ سے سنیں۔

## گھر کا کام: 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

## سرگرمی برائے طلبہ: 5منٹ

کمرا جماعت میں گفتگو کریں۔ حلف الفضول کے معاہدے سے ہمیں کیا سبق ملتا ہے؟

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال 1: دیے ہوئے سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

ا۔ حربِ فجار کن دو قبائل کے درمیان ہوئی؟

۲۔ حلف کے معنیٰ بتائیں۔

سوال 2: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے بچپن کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

سوال: حلف الفضول کے متعلق آپ کیا جانتے ہیں؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 2 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب سوم: سیرتِ طیبہ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَعَلَى آلِهِ وَأَصْحَابِهِ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی حیاتِ طیبہ (قبل از بعثت) |

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی مکہ مکرمہ میں ابتدائی زندگی کے واقعات، حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح اور حجرِ اسود کی تنصیب وغیرہ سے آگاہ ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی عمر مبارک پچیس برس ہوئی تو آپ خاتم النبیین ﷺ کا نکاح حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے ہو گیا۔ اس وقت حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی عمر چالیس سال تھی۔ انھیں بتائیں حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے زندگی کے آخری لمحے تک حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کا ہر مشکل میں ساتھ دیا۔

**طریقہ تدریس:** 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر ۴۰ تا ۴۱ سے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کا لقب صادق اور امین تھا۔ آپ خاتم النبیین ﷺ نے روزمرہ زندگی میں بھی اور کاروباری معاملات میں بھی ہمیشہ سچائی اور دیانت داری کا ثبوت دیا یہاں تک کہ قریش کا بچہ بچہ آپ خاتم النبیین ﷺ کو صادق و امین کے لقب سے پکارنے لگا۔
- طلبہ کو ترغیب دلائیں کہ وہ بھی سنّتِ رسول خاتم النبیین ﷺ کی پیروی کریں اور زندگی کے ہر پہلو میں آپ خاتم النبیین ﷺ کی اطاعت کریں۔

- طلبہ کو آپ خاتم النبیین ﷺ اور حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے نکاح کی تفصیل بتائیں۔
- انھیں بتائیں حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا مکّہ کی ایک معزز اور مال دار خاتون تھیں اور آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا تجارت کرتی تھیں۔ نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کی صداقت کا چرچا سُن کر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نے حضور خاتم النبیین ﷺ کو اپنا مال تجارت کے لیے ملک شام لے جانے کی درخواست کی۔ جو آپ خاتم النبیین ﷺ نے قبول فرمائی۔ اُس سفر میں حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا غلام میسرہ بھی آپ خاتم النبیین ﷺ کے ساتھ تھا۔ واپس آکر حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو میسرہ نے نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کے اعلیٰ کردار کے بارے میں بتایا۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا آپ خاتم النبیین ﷺ سے بے حد متاثر ہوئیں اور آپ خاتم النبیین ﷺ کو نکاح کا پیغام بھجوا دیا۔ جسے نبی کریم خاتم النبیین ﷺ نے حضرت ابو طالب کے مشورے سے قبول فرمایا۔ آپ خاتم النبیین ﷺ کا نکاح حضرت ابو طالب نے پڑھایا۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| معزز | مُ۔ عز۔ ز | عزّت دار |
| مال دار | مال۔ دار | دولت مند |
| ہمراہ | ہم۔ راہ | ساتھ چلنے والا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا تصوّر مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو (ا) کا سوال (۴) طلبہ سے پوچھیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کو حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی حیاتِ مبارکہ سے کوئی واقعہ سنائیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

سوال 1: واقعات کو حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی عمرِ مبارک سے ملائیں۔

| واقعات | حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وسلم کی عمر مبارک |
|---|---|
| حضرت آمنہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کی وفات | پندرہ سال |
| حضرت عبدالمطلب کی وفات | بارہ سال |
| حربِ فجار | چھے سال |
| سفرِ شام | آٹھ سال |

سوال 2: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی امانت داری پر نوٹ لکھیں۔

سوال 3: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی صداقت کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟

| دوسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
|---|---|---|---|
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 3 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| باب سوم: سیرتِ طیبہ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَأَصْحَابِهٖ وَسَلَّمَ | سبق کا نام: حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی حیاتِ طیبہ (قبل از بعثت) |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلّم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی مکہ مکرمہ میں ابتدائی زندگی کے واقعات، حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے نکاح اور حجرِ اسود کی تنصیب وغیرہ سے آگاہ ہو سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک / بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** **5 منٹ**

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کی حیاتِ مبارکہ کے اہم واقعات میں سے ایک تعمیرِ کعبہ اور حجرِ اسود کی تنصیب ہے۔ طلبہ کو حجرِ اسود کا تصویری فلیش کارڈ دکھائیں اور بتائیں یہ جنت کا پتھر ہے۔

**طریقہ تدریس:** **15 منٹ**

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۴۱ سے متن کی پڑھائی کروائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- انھیں بتائیں حجر کے معنی پتھر کے ہیں اور اسود عربی میں کالے کو کہتے ہیں۔ یہ سیاہ رنگ کا مقدس پتھر ہے۔ نبی کریم خاتم النبیین ﷺ نے فرمایا: حجرِ اسود جنت سے اُتارا ہوا پتھر ہے۔ جس وقت اسے اُتارا گیا یہ دودھ کی طرح سفید تھا لیکن بنی آدم کی خطاؤں نے اسے سیاہ کر دیا۔ (ترمذی)
- طلبہ کو حجرِ اسود کی تنصیب سے متعلق بتائیں ایک بار مکہ میں شدید سیلاب آگیا جس کی وجہ سے خانہ کعبہ کی دیواروں کو شدید نقصان پہنچا۔ چنانچہ اس کی تعمیر کا دوبارہ فیصلہ کیا گیا۔ جب تعمیر ہو گئی تو حجرِ اسود کی تنصیب پر جھگڑا شروع ہو گیا۔ ہر سردار چاہتا تھا کہ تنصیب کی سعادت اُسے حاصل ہو۔ آخر یہ فیصلہ کیا

گیا کہ کل صبح جو شخص خانہ کعبہ میں سب سے پہلے داخل ہو گا، وہ جو فیصلہ کرے گا، وہی سب کو قبول ہو گا۔ اگلی صبح اللہ تعالیٰ کے حکم سے سب سے پہلے نبی کریم خاتم النبیین ﷺ تشریف لائے۔ آپ خاتم النبیین ﷺ نے ایک چادر طلب فرمائی۔ درمیان میں حجرِ اسود رکھا۔ ہر قبیلے کے سردار کو کہا چادر کے کنارے پکڑ لو، چنانچہ تمام سردار انِ قریش نے چاروں کونوں سے چادر کو پکڑا اور پتھر اُس مقام تک پہنچایا جہاں اسے نصب کرنا تھا۔ آپ خاتم النبیین ﷺ نے خود حجرِ اسود اُٹھا کر اسے خانہ کعبہ کی دیوار پر نصب کر دیا۔ اس طرح ایک بڑی لڑائی کا خطرہ آپ خاتم النبیین ﷺ کی بہترین حکمتِ عملی سے ٹل گیا۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| تَنصیبَ کرنا | تَن۔صیب۔کرنا | نصب کرنا، لگانا |
| اعتماد | اِع۔ت۔ماد | بھروسا۔یقین |
| حکمت ودانائی | حکمت۔و۔دانائی | عقل کی باتیں |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کا مختصراً اعادہ کروائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(۲) کتاب پر حل کروائیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

جماعت میں کیا گیا کام دہرائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

طلبہ کو حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی حیاتِ مبارکہ سے کوئی واقعہ سنائیں۔